رول نمبر: _____

دستخط طالب علم: _____

**سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: **عالیہ سال اول** پرچہ: **دوسرا** مضمون: **علوم التفسیر**

تاریخ: **13-02-2024** دن: **منگل** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**

مرکز امتحان: _____ دستخط نگران مرکز امتحان: _____ دستخط مقتش: _____

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: نزول قرآن کے مقاصد اصلیہ ہیں۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 6

سوال نمبر 2: شعائر ملت ابراہیمی۔۔۔ ہیں۔

(الف) 9 (ب) 10 (ج) 11 (د) 12

سوال نمبر 3: مشرکین۔۔۔ کا دعوی کرتے تھے۔

(الف) دین حنیف کا (ب) مسلمان ہونے کا (ج) نصاری ہونے کا (د) کسی اور دین کا

سوال نمبر 4: ضلالات مشرکین ہیں۔

(الف) 8 (ب) 9 (ج) 10 (د) 11

سوال نمبر 5: اللہ تعالیٰ کی صفات میں سے کسی صفت کو غیر اللہ کے لیے ثابت کرنا ہے۔

(الف) شرک (ب) تشبیہ (ج) تحریف (د) تشکیل

سوال نمبر 6: صفات بشریہ کو اللہ تعالیٰ کے لیے ثابت کرنا کہلاتا ہے۔

(الف) تحریف (ب) تشبیہ (ج) استبعاد رسل (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 7: کس نے بتوں کو سب سے پہلے مشرکین کی عبادت کے لیے رکھا؟

(الف) ولید بن مغیرہ (ب) فرعون (ج) ابو جہل (د) عمرو بن لحیی

سوال نمبر 8: مشرکین کا حال کن کی طرح کا ہے؟

(الف) یہود (ب) نصاری (ج) محترفین (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 9: (الفوز الکبیر) میں شرک کے جوابات دیئے گئے ہیں۔

(الف) 4 (ب) 5 (ج) 6 (د) 3

سوال نمبر 10: آیت کا غیر معنی مراد پر فاسد تاویل کے ساتھ محمول کرنا کہلاتا ہے۔

(الف) تحریف لفظی (ب) تحریف معنوی (ج) لفظی مشارکت (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 11: تورات کی آیات کتمان کے اسباب میں سے ایک۔۔۔ ہے۔

(الف) حب جاہ (ب) دشمنی (ج) میراث (د) بے وقوفی

سوال نمبر 12: "مَلْحَمَةٌ" کا معنی ہے۔

(الف) مجادلہ (ب) مقابلہ (ج) معمولی لڑائی (د) گھمسان کی لڑائی

سوال نمبر 13: یہود کے افتراء کے اسباب ہیں۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر14: یہودیوں کے احکام دینیہ میں سستی کا سبب۔۔۔ ہے۔

(الف) بت پرستی (ب) نفس امارہ (ج) بادشاہی کی طلب (د) غیرت

سوال نمبر15: اسبابِ استبعادِ رسالتِ نبی آخر الزمان ﷺ یہود کے نزدیک ہیں۔

(الف) 4 (ب) 5 (ج) 6 (د) 7

سوال نمبر16: احوال یہود۔۔۔ کی طرح ہے۔

(الف) علماء سوء (ب) گمراہ لوگوں (ج) سلف باطلہ (د) یہ تمام

سوال نمبر17: نصاری۔۔۔ پر ایمان رکھتے تھے۔

(الف) عیسیٰ علیہ السلام (ب) موسیٰ علیہ السلام (ج) اقانیم ثلاثہ (د) یہ تمام

سوال نمبر18: اقانیم ثلاثہ سے مراد ہیں۔

(الف) باپ (ب) بیٹا (ج) روح القدس (د) یہ تمام

سوال نمبر19: "تَدَرَّعَ" کا معنی ہے۔

(الف) اس نے پہن لیا (ب) وہ غالب آیا (ج) اس نے تکلف اٹھایا (د) اس نے تکلیف برداشت کی

سوال نمبر20: لفظِ ابن قدیم زمانے میں۔۔۔ معنی میں مستعمل تھا۔

(الف) محبوب (ب) قریبی (ج) مختار (د) یہ تمام

سوال نمبر21: فارقلیط سے اصل مراد ہے۔

(الف) عیسیٰ علیہ السلام (ب) شعیب علیہ السلام (ج) موسیٰ علیہ السلام (د) ہمارے نبی ﷺ

سوال نمبر22: منافقین کی اقسام ہیں۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر23: حدیث کی رو سے منافق کی علامات بیان کی گئی ہیں۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر24: منافقین کا حال۔۔۔ کی طرح ہے۔

(الف) مجلس امراء (ب) مجلس وزراء (ج) مجلس غرباء (د) یہ تمام

سوال نمبر25: حضرت نوح، حضرت ہود، حضرت صالح، حضرت ابراہیم اور حضرت لوط (علیہم السلام) کا قصہ ہے۔

(الف) متکررہ (ب) غیر متکررہ (ج) وعظ و نصیحت (د) یہ تمام